وحی کی کتنی صورتیں ہیں؟

فتوی نمبر:WAT-174

تاریخ اجراء:15ربیع الاول1443ھ/22اکتوبر2021ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

میں نے سنا ہے کہ وحی کی سات صورتیں ہیں ان میں سے ایک صورت الہام (دل میں بات ڈالنا ہے) ہے، تو میرا سوال یہ ہے کہ بقیہ چھ صورتیں کونسی ہیں؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

مفتی شریف الحق امجدی رحمۃ اللہ علیہ نے نزھۃ القاری میں انبیاء کرام علیھم الصلوۃ والسلام کے حق میں وحی کی تین اقسام بیان کرنے کے بعد، اس کی سات صورتوں کو بیان کیا ہے، جن کا خلاصہ یہ ہے کہ:

(1)خواب میں، جیسے حضرت ابراہیم علیہ السّلام کو خواب میں حضرت اسماعیل علیہ السّلام کی قربانی کا حکم ہوا۔

(2)دل میں کوئی بات ڈالی جائے۔

(3)گھنٹی کی آواز کی صورت میں وحی آئے۔ وحی کی یہ قسم نبیِّ پاک صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم پر سب سے زیادہ بھاری تھی۔

(4)فرشتہ کسی مرد کی شکل میں آکر اللہ پاک کا کلام پیش کرے، جیسے حضرت جبریل علیہ السّلام اَعرابی (دیہاتی) کی صورت میں اور حضرت دِحیہ کَلْبی رضی اللہ عنہ کی شکل میں بھی حاضر ہوتے تھے۔

(5)جبریل امین علیہ السّلام اپنی اصل شکل میں حاضرِ خدمت ہوں کہ ان کے 600 بازو ہیں، جن سے یاقُوت اور موتی جھڑتے ہیں۔

(6)حضرت اسرافیل علیہ السَّلام وحی لے کر حاضر ہوں، جیسا کہ امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ابتداءً تین سال حضرت اسرافیل علیہ السَّلام وحی لانے پر مقرر تھے، پھر یہ خدمت جبریلِ امین علیہ السَّلام کے سپرد ہوئی اور انہی کے ذریعے پورا قرآن کریم نازل ہوا۔

(7)انبیائے کرام علیہم الصَّلوٰۃ وَالسَّلام پردے کے پیچھے سے یا بلا پردہ اللہ پاک کا کلام سنیں۔ یہ سننا چاہے بیداری میں ہو جیسے شبِ معراج حضورِ اکرم صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے اور کوہِ طور پر حضرت موسیٰ علیہ السَّلام نے سنا، چاہے خواب میں ہو جیسے نبی کریم صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے سنا جس کا ذکر ترمذی شریف میں ہے۔“(نزھۃ القاری، جلد1، صفحہ 235-234، فرید بک سٹال، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
دار الافتاء اہلسنت DARUL IFTA AHLESUNNAT
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net